Total Marks:60 | **Class:9th** | Time:2.10min

Subject:Urdu(Subjective)

سوال نمبر2۔درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کریں۔(حصہ نظم سے تین اشعار اور حصہ غزل سے دو اشعار)(2x5)

حصہ نظم

1 گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا

2 جو بے داغ لالہ' جو بے خار گل ہے — وہ تو ہے' وہ تو ہے' وہ تو ہے' وہ تو ہے

3 جنگلوں میں ہو رہے ہیں پیدا ہرے بچھونے — بچھوا دیے ہیں حق نے کیا کیا ہرے بچھونے

4 ڈالی گئی جو فصل خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

حصہ غزل

1 رُخ و زلف پر جان کھویا کیا — اندھیرے اجالے میں رویا کیا

2 عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

3 نازکی اس کے لب کی کیا کہیے — پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

سوال نمبر:3۔درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی(10=5+5) بھی لکھیں۔

1 بارش ہوتی ہے تو کوے نہاتے ہیں اور حفظانِ صحت کے اصولوں کا ذرا خیال نہیں رکھتے۔ کوا سوچ بچار کے قریب نہیں پھٹکتا۔ اس کا عقیدہ ہے کہ زیادہ فکر کرنا اعصابی بنا دیتا ہے۔ کوے سے ہم کئی سبق سیکھ سکتے ہیں۔ کوا بڑی سنجیدگی سے اڑتا ہے' بالکل چونچ کی سیدھ میں۔ کوے اڑ رہے ہوں تو معلوم ہوتا ہے کہ شرط لگا کر اڑ رہے ہیں۔ کوے فکرِ معاش میں دور دور نکل جاتے ہیں لیکن کبھی کھوئے نہیں جاتے۔ شام کے وقت کوئی دس ہزار کوا کہیں سے واپس آ جاتا ہے، اگر آپ کوّوں سے نالاں ہیں تو یہ مت بھولیے کہ کوّے بھی آپ سے نالاں ہیں۔

2 بوڑھی خالہ نے اپنی دانست میں تو گریہ وزاری کرنے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی، خوبیٔ تقدیر پر کوئی اس طرف مائل نہ ہوا۔ کسی نے تو یوں ہی ہاں ہوں کر کے ٹال دیا۔ کسی نے زخم پر نمک چھڑک دیا۔

سوالنمبر4۔درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیں۔(10)

1 مضمون نگار نے کون سا امتحان دیا تھا؟

2 قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

3 خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

4 شاعر امیر مینائی اپنی حرمت اور آبرو کس میں خیال کرتا ہے؟

5 "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" میں کس چیز سے سبق اندوز ہونا چاہیے؟

6 الگو چودھری اور سمجھو سیٹھ نے کون سا تنازعہ پنچایت کے سامنے پیش کیا؟

7 بیماری کے باوجود میاں دفتر کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر:5۔درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیں۔(5)

1 کاہلی

2 نصوح و سلیم کی گفتگو

سوالنمبر6۔ شاملِ نصاب نظم "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھئے اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (5)

سوالنمبر7۔ (10)

اپنے دوست کے نام اسکے والد کی وفات پر تعزیت کا خط لکھئے۔

یا

paragongrw.com

اپنے ہیڈ ماسٹر کے نام درخواست برائے معافی جرمانہ لکھیے۔

سوالنمبر۔8 (5)

"اچھا دوست وہی ہوتا ہے جو مصیبت میں کام آئے" کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔

یا

پھل فروش اور گاہک کے درمیان مکالمہ تحریر کریں۔

سوال نمبر:9۔درج ذیل جملوں کی درستی کیجئے(5)

1 بلی کے بھاگوں چھینکا چھوٹا۔

2 یہ عورت تو آفت کی پرکالہ ہے۔

3 نو سو چوہے کھا کے، بلی گھر کو چلی۔

4 ڈاکٹر نے مریض کو دوائی دی۔

5 امجد کو کراچی جاتا ہے۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے

1 غرور کا سر---------

2 عقل کا اندھا---------پورا

3 الٹا چور---------ڈانٹے

4 بد اچھا---------

5 آدمی کا شیطان---------

paragongrw.com

© 2022 A product of "ParagonSoft" Gujranwala,Pakistan